سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ **انٹرنیشنل نٹ ونیر لمیٹڈ** کے حصص یافتگان کا تیئسواں (23) سالانہ اجلاس عام 25 اکتوبر 2013ء کو صبح ساڑھے آٹھ بجے رجسٹرڈ آفس واقع ایف 2اے / ایل سائیٹ کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور:۔

1 گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ جمعرات 18 اکتوبر 2012ء کی کارروائی کی توثیق۔

2 30 جون 2013ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی غور وخوض اور منظوری

3 30 جون 2014ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔

4 چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
جاوید خان
کمپنی سیکرٹری

کراچی 4 اکتوبر 2013ء

نوٹ:۔

1 منتقلی حصص کی کتب 18 اکتوبر 2013ء تا 25 اکتوبر 2013ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔

2 اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے تاہم پروکسی کی تقرری کی دستاویز 'منظور' مہر اور گواہی کے ساتھ اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں پہنچ جانی چاہیے۔

3 سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈروں کو اجلاس میں شرکت کیلئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں درج مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

الف) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا اس فرد کو جسکی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہوں اپنی شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائیزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

ب) کارپوریٹ انٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی آف معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

4 حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ سی ڈی سی ہاؤس-99-بی بلاک B ایس ایم سی ایچ ایس مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 کو مطلع کریں۔